# اجے رائے کا یوگی حکومت پر حملہ

# ذاتی الزامات کے بجائے عوامی مسائل پر توجہ دینے کا مشورہ

## ’اشتہارات نہیں، زمین پر کام سے ملے گا مسائل کا جواب‘؛ مذہبی و ذات پات پر مبنی بیانات پر بھی اٹھائے سوال

لکھنؤ۔ پردیش کانگریس صدر اجے رائے نے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کو خط لکھ کر مذہبی اور ذات پات پر مبنی اشتعال انگیز بیانات کے ذریعے ریاست کا ماحول خراب کرنے کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے مسلسل دوسری بار آپ کو اقتدار عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے دیا ہے، نہ کہ سیاسی مخالفین پر ذاتی الزامات لگانے کے لیے۔ وزیر اعلیٰ کو لکھے کھلے خط میں جناب رائے نے وزیر اعلیٰ کو جھوٹے اور غیر مصدقہ بیانات دینا بند کر کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے ریاست کے مسائل پر توجہ دینے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ذاتی الزامات کی سیاست کرنی ہے تو عہدے کے وقار کے لیے استعفیٰ دینا بہتر ہوگا۔ جناب رائے نے کہا کہ زعفرانی لباس پہننے سے سنت کا طرز عمل ثابت نہیں ہوتا۔ اگر ویراغیہ ہی آپ کا راستہ ہے تو سیاست چھوڑ کر مٹھ واپس لوٹنا اور حقیقی معنوں میں پوجا پاٹھ اور عوامی خدمت کرنا آپ اور ریاست دونوں کے لیے بہتر ہوگا۔ جناب رائے نے گزشتہ دنوں ایودھیا میں درشن کے بعد مچھلی کی دعوت اڑانے اور مافیا کے سامنے تھر تھر کانپنے کے وزیر اعلیٰ کے الزام پر کہا کہ میں نے آپ کو چیلنج کیا تھا کہ میرے مچھلی کھانے کی کوئی مصدقہ تصویر یا ویڈیو ہو تو عوام کے سامنے لائیں، میں سیاست سے سنیاس لے لوں گا۔ لیکن چیلنج کے 5 دن بعد بھی آپ کا کوئی جواب نہیں آیا۔ جناب رائے نے لکھا کہ آپ کی جماعت اور مادر تنظیم کی سیاست کا طریقہ عوام دیکھ رہی ہے۔ الزام لگاؤ اور ثبوت مانگنے پر خاموش ہو جاؤ۔ مافیا سے ڈرنے کے سوال پر انہوں نے کہا کہ بھائی مرحوم اودھیش رائے کے قتل کے بعد کسی مافیا کے سامنے سر نہیں جھکایا۔



32 سال تک انصاف کے لیے عدالتوں میں لڑا اور اس دوران اپریل 2021 اور ستمبر 2025 میں میری سکیورٹی ہٹائی گئی۔ اس لیے مافیا سے ڈرنے کا الزام صرف جھوٹ ہی نہیں بلکہ انصاف کی طویل لڑائی کی بھی توہین ہے۔ جناب رائے نے کہا کہ میرا سیدھا سوال ہے کہ آپ مسلسل اتنے اشتعال انگیز اور ذاتی بیانات کس بنیاد پر دیتے رہے ہیں۔ جناب رائے نے کہا کہ 2007 میں لوک سبھا میں اپنی سکیورٹی کو لے کر آپ جذباتی ہوئے تھے اور حکومت سے انصاف کا مطالبہ کیا تھا۔ ریاست میں بی جے پی حکومت بننے کے بعد اپنے خلاف زیر التوا مقدمات واپس لینے کا حکم بھی آپ کی حکومت میں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے سامنے مچھلی کی دعوت سے کہیں بڑا سوال بگڑتی ہوئی قانون کی صورت حال، تھانوں میں پولیس کی لاپروائی، خواتین، بچیوں اور کمزور طبقات پر مظالم، بے روزگاری، مہنگائی، کسانوں اور نوجوانوں کی پریشانی اور بجلی کے نظام، سڑکوں کی تعمیر وغیرہ میں انتظامی بدعنوانی ہے۔ دلت، پسماندہ اور اقلیتوں سمیت بڑی تعداد میں لوگ ناانصافی کی شکایت کر رہے ہیں۔ ان سوالات کے جواب اشتہارات سے نہیں بلکہ زمین پر کام سے ملیں گے۔ گورنر سے بھی کچھ مشورہ لیجیے اور تہواروں پر چینی، دالوں، تیلوں اور غذائی اشیا کی قیمتیں کم رہیں، اس پر زیادہ توجہ دیجیے۔

### کانگریس رہنماؤں نے ریاستی عوام کو رکشا بندھن کی مبارکباد دی

#### اجے رائے، پرمود تیواری اور آرادھنا مشرا مونا نے خواتین کے احترام اور تحفظ کا عہد لینے کی اپیل کی



لکھنؤ۔ کانگریس کے ریاستی صدر اجے رائے، سینئر رہنما پرمود تیواری اور قانون ساز پارٹی کی رہنما آرادھنا مشرا مونا نے ریاستی عوام کو رکشا بندھن کے تہوار پر دلی مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ اجے رائے نے اپنے پیغام میں کہا کہ رکشا بندھن کا تہوار بھائی بہن کی اٹوٹ محبت، اعتماد اور پیار کا تہوار ہے۔ یہ ہمارے خاندانی اور سماجی رشتوں کو مضبوط بنانے کے ساتھ ایک دوسرے کے تئیں احترام، تعاون اور تحفظ کے جذبے کو بھی مزید گہرا کرتا ہے۔ جناب رائے نے کہا کہ رکشا بندھن کا مقدس جذبہ ہمیں خواتین کے احترام، تحفظ اور مساوی حقوق کے تئیں اپنی ذمہ داری نبھانے کی ترغیب دیتا ہے۔ ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ معاشرے میں ہر بہن اور بیٹی کو محفوظ، باوقار اور مساوی مواقع والا ماحول فراہم ہو۔ جناب رائے نے ریاستی عوام کی خوشی، خوشحالی اور فلاح کی خواہش کرتے ہوئے کہا کہ رکشا بندھن سب کی زندگی میں محبت، ہم آہنگی اور باہمی بھائی چارہ لے کر آئے۔ راجیہ سبھا رکن پارلیمنٹ پرمود تیواری اور قانون ساز پارٹی کی رہنما آرادھنا مشرا مونا نے اپنے مبارکبادی پیغام میں کہا کہ اس مقدس تہوار رکشا بندھن پر بہنیں اپنے بھائی کی کلائی پر راکھی باندھ کر ان کی لمبی عمر، خوشی، خوش بختی اور روشن مستقبل کی دعا کرتی ہیں۔ وہیں بھائی اپنی بہن کی ہر مشکل گھڑی میں حفاظت کرنے کا وعدہ کرتا ہے، جس سے اس تہوار کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے رکشا بندھن کے تہوار پر ریاستی عوام کو ایک بار پھر دلی مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کی دعا کی ہے۔

# خواتین نے اکھلیش یادو کو باندھی راکھی

## بی جے پی چاہتی تو جے پی این آئی سی کا کام مکمل ہو سکتا تھا: اکھلیش



لکھنؤ: 27 اگست (پی این ایس) سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے لکھنؤ میں پارٹی دفتر میں منعقدہ رکشا بندھن پروگرام میں حصہ لیا۔ لوہیا آڈیٹوریم میں سینکڑوں خواتین نے انہیں راکھی باندھ کر رکھشا بندھن کی مبارکباد دی۔ اکھلیش یادو نے بھی خواتین کو شگن (تحائف) والے لفافے دے کر مبارکباد دی۔ پروگرام کے بعد منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں اکھلیش یادو نے گومتی نگر میں واقع جے پرکاش نارائن انٹرنیشنل سنٹر (جے پی این آئی سی) کو ایک پرائیویٹ کمپنی کو لیز پر دینے کے فیصلے پر بی جے پی حکومت کی تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی سوشلسٹ نظریہ کے راستے پر آگے بڑھے گی۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ بی جے پی نے اپنے قیام کے وقت جے پرکاش نارائن کی تصویر لگائی تھی۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر بی جے پی حکومت واقعی چاہتی تو جے پی این آئی سی عمارت کا نامکمل کام مکمل ہو سکتا تھا۔ عمارت عوامی فنڈز سے تعمیر کی گئی تھی، اور ٹھیکیدار کو پوری ادائیگی کی گئی تھی۔ اس کے باوجود مرکز کا کام ادھورا رہا۔ صدر اور سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو اور مین پوری سے ایس پی ایم پی ڈمپل یادو نے خواتین کے قومی یوم مساوات کے موقع پر مشترکہ پریس کانفرنس میں استری سمان سمردھی یوجنا کا اعلان کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کے تحت اگر سماج وادی پارٹی کی حکومت بنتی ہے تو آدھی آبادی کو مکمل آزادی حاصل ہوگی۔ ان کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ غریب خواتین کو سالانہ 40,000 روپے دیے جائیں گے۔ طالبات کو انٹرمیڈیٹ پاس کرنے کے بعد لیپ ٹاپ اور سائیکلیں دی جائیں گی۔ خواتین سرکاری بسوں میں مفت سفر کریں گی۔ طالبات کے لیے میٹرو کا سفر مفت ہوگا۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بی جے پی حکومت کے دوران بند تمام 26,000 پرائمری اسکولوں کو دوبارہ کھولا جائے گا۔ سرکاری سکولوں کی فیسیں معاف اور پرائیویٹ سکولوں میں نصف کر دی جائیں گی۔ نیوٹریشن مشن اسکیم دوبارہ شروع کی جائے گی۔ آنگن واڑی مراکز کی تزئین و آرائش کی جائے گی۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ استری سمان سمردھی یوجنا نصف آبادی کی مکمل آزادی کا عہد ہے۔

# نیپال سیلاب کے بعد یوپی کے سرحدی اضلاع میں الرٹ

لکھنؤ: 27 اگست (پی این ایس) پڑوسی ملک نیپال میں تباہ کن سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایات پر اتر پردیش حکومت نے پوری ریاست میں الرٹ جاری کر دیا ہے اور سرحدی اضلاع کی انتظامیہ کو چوبیس گھنٹے نگرانی رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ لکھنؤ میں ریلیف کمشنر کے دفتر نے 24 گھنٹے نگرانی شروع کر دی ہے۔ اس مقصد کے لیے اہلکاروں کی ایک خصوصی ٹیم تعینات کی گئی ہے، جو زمینی صورتحال پر نظر رکھے گی اور نیپال میں پھنسے لوگوں اور ان کے اہل خانہ کو ریاست کے ٹول فری ہیلپ لائن نمبر 1070 کے ذریعے مدد فراہم کرے گی۔ اتر پردیش کے ریلیف کمشنر رشی کیش بھاسکر یشودو نے تیاریوں کے بارے میں بتایا کہ اب تک ہیلپ لائن نمبر 1070 پر 10 ایسی کالیں موصول ہوئی ہیں، جن میں لوگوں نے نیپال گئے اپنے اہل خانہ سے رابطہ منقطع ہونے کی اطلاع دی ہے۔ انہوں نے اے این آئی سے کہا، ’’فی الحال اتر پردیش کے سرحدی اضلاع کو کسی فوری خطرے کی اطلاع نہیں ہے، لیکن صورتحال پر گہری نظر رکھی جا رہی ہے۔ یہ واقعہ چین سے متصل نیپال کی شمالی سرحد پر پیش آیا۔ وہاں سے نشیبی علاقوں کی طرف آنے والے سیلابی پانی سے خطرے کا اندیشہ تھا۔ تاہم گزشتہ رات سے صورتحال کی نگرانی کے دوران پانی کی سطح اس خطرناک حد تک نہیں پہنچی، جس کا پہلے خدشہ ظاہر کیا گیا تھا۔ نیپال میں بچاؤ کی کارروائیاں سرگرمی سے جاری ہیں اور حکومت ہند بھی امداد اور ریسکیو آپریشن میں تعاون کر رہی ہے۔‘‘ یشودو نے کہا، ’’جولائی میں کشی نگر، مہاراج گنج اور دیوریا اضلاع میں ہم نے 2 لاکھ کیوسک پانی کے بہاؤ کا سامنا کیا تھا، لیکن اس وقت بھی یہاں سیلاب کی صورتحال سنگین نہیں ہوئی تھی۔ اس وقت والمیکی بیراج سے تقریباً ایک لاکھ کیوسک پانی بہہ رہا ہے، جس سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔‘‘ ریاستی انتظامیہ سرحدی اضلاع، خاص طور پر مہاراج گنج اور کشی نگر میں گنڈک اور نارائنی ندیوں کی سطح آب پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے، تاکہ پانی کی سطح بڑھنے کی صورت میں فوری احتیاطی اقدامات کیے جا سکیں۔ یشودو نے کہا کہ تینوں سرحدی اضلاع کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ ’’نیپال میں پیش آنے والے سانحے کے پیش نظر تینوں سرحدی اضلاع ہائی الرٹ پر ہیں۔ ہم نے رات بھر پانی کی سطح اور بیراجوں کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کی۔ ساتھ ہی نیپال کی جانب موجود بیراجوں اور پشتوں کے بارے میں بھی مسلسل معلومات حاصل کی جاتی رہیں۔ فی الحال سیلاب کا کوئی فوری خطرہ نہیں ہے۔ اگر سیلابی پانی آتا بھی ہے تو اضلاع میں انتظامی تیاریاں مکمل ہیں اور شہریوں کو کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔‘‘ دریں اثنا، دہرادون میں گورکھالی سدھار سبھا کے صدر پدم تھاپا نے نیپال میں پیش آنے والے سانحے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان اور نیپال کے درمیان گہرے ثقافتی اور خاندانی تعلقات ہیں اور وہ متاثرہ لوگوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ تھاپا نے کہا، ’’یہ ہندوستان کے لیے بھی ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، کیونکہ ہمارے نیپال کے ساتھ بہت گہرے تعلقات ہیں۔ ہمارے درمیان روٹی-بیٹی کا رشتہ ہے۔ ہم کئی معاملات میں ایک دوسرے سے گہرائی سے جڑے ہوئے ہیں اور ہندوستان و نیپال کے تعلقات قدیم زمانے سے قائم ہیں۔ پہاڑوں سے اچانک آنے والے اس بڑے سیلاب کے باعث اتراکھنڈ اور پورے ہندوستان میں رہنے والی گورکھا برادری شدید تشویش میں ہے۔‘‘ انہوں نے کہا کہ اس وقت امداد اور متاثرین کی باز آبادکاری کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ ان کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی پہلے ہی نیپال کی قیادت سے بات کر چکے ہیں تاکہ صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے اور امداد میں تال میل قائم کیا جا سکے۔

### میلادِ رسول اکرمؐ اور ولادتِ امام جعفر صادقؑ کی خوشی میں 30 اگست کو جشنِ نور

لکھنؤ۔ رسولِ اکرم حضرت محمد مصطفیٰؐ اور چھٹے امام حضرت جعفر صادقؑ کی ولادت کی خوشی میں ٹھاکر گنج کے مصاحب گنج واقع کمیدان کی بغیہ میں امام بارہ بہشتِ زہرا میں 30 اگست کو جشنِ نور منعقد ہوگا۔ عثمان حسین کی جانب سے صبح 10:30 بجے تلاوتِ کلام پاک سے شروع ہونے والے جشن سے مولانا جاوید عباس مصطفوی خطاب کریں گے۔ جشن میں شعرا اپنے کلام بارگاہِ رسالتؐ اور امامت میں پیش کریں گے۔

# سنتِ نبویؐ سے وابستگی اور جاہلی رسموں سے اجتناب وقت کی اہم ضرورت: مولانا جہانگیر عالم قاسمی

## آل انڈیا مسلم انٹلیکچول سوسائٹی کے زیر اہتمام بارہ روزہ درس سیرت النبیؐ کامیابی کے ساتھ اختتام

## مقرر علماء، نے ڈاکٹر عمار انیس نگرامی اور سوسائٹی کی درس سیرتِ نبویؐ مہم کو تاریخی و قابلِ تقلید اقدام قرار دیا



لکھنؤ۔ آل انڈیا مسلم انٹلکچول سوسائٹی کے زیر اہتمام مسجد ابراہیمی آغا میر لکھنؤ میں یکم ربیع الاول تا 12 ربیع الاول (15 اگست تا 26 اگست 2026ء) بارہ روزہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پروگرام نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، جس میں ملک کے ممتاز علماء و دانشوروں نے مختلف موضوعات پر خطابات پیش کیے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے گوناگوں پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ 15 اگست (1 ربیع الاول) کو پہلے روز مولانا سلمان صدیقی ندوی نے عرب میں دورِ جاہلیت کے حالات کا تفصیلی تعارف پیش کیا اور بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ باسعادت نے تاریکیوں میں ڈوبے ہوئے معاشرے کو روشنی عطا کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بچپن اور ابتدائی زندگی کے اہم واقعات بھی بیان کیے گئے۔ 16 اگست (2 ربیع الاول) کو ڈاکٹر محمد ادریس ندوی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک نسب نامہ کا تفصیلی تذکرہ کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندانی پس منظر اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے خاندان کے حقوق اور حسنِ معاشرت پر بھی روشنی ڈالی۔ تیسرے روز 17 اگست (3 ربیع الاول) کو مولانا جہانگیر عالم قاسمی نے نبوت کے ابتدائی دور اور دعوتِ اسلام کے آغاز پر گفتگو کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حکمت، صبر اور استقامت کے ذریعے دعوتی جدوجہد کے مختلف مراحل کو واضح کیا۔ جلسے کے چوتھے روز 18 اگست (4 ربیع الاول) کو مولانا زکی نور عظیم نے دعوتِ اسلام کی راہ میں پیش آنے والی مشکلات و مصائب کا تذکرہ کیا اور ربیع الاول سے متعلق مشہور واقعات کی حقیقت کو دلائل کے ساتھ بیان کیا۔ ساتھ ہی صبر و استقامت کے عملی اسباق بھی پیش کیے۔ 19 اگست (5 ربیع الاول) کو پانچویں روز مولانا ڈاکٹر محمد فرمان ندوی نے عام الحزن کے المناک واقعات پر روشنی ڈالتے ہوئے حضرت خدیجہؓ اور حضرت ابوطالب کی وفات، سفرِ طائف اور ان کٹھن حالات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عزم و حوصلے کا بیان کیا۔ 20 اگست (6 ربیع الاول) کو چھٹے روز مولانا سید امین حسنی انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل حیاتِ مبارکہ کے مختلف گوشوں پر جامع خطاب فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت، اخلاق، قیادت اور معاشرتی خدمات کو اجاگر کیا۔ ساتویں روز 21 اگست (7 ربیع الاول) کو مولانا سید عنایت اللہ ندوی نے صلح حدیبیہ کو رحمت، حکمت اور امن کا عظیم نمونہ قرار دیا۔ نیز بادشاہوں کو ارسال کردہ دعوتی خطوط، اسلام کی عالمی اشاعت اور مختلف ممالک تک دینِ اسلام کے پہنچنے کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ 22 اگست (8 ربیع الاول) کو آٹھویں روز ڈاکٹر محمد ادریس ندوی نے ’اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم دین کی اصل روح‘ پر قرآن و حدیث کی روشنی میں بتایا کہ کامیابی اور نجات کا راستہ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں مضمر ہے۔ پروگرام کے نویں روز یعنی 23 اگست (9 ربیع الاول) کو مولانا افضل المنان نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلیٰ اخلاق و صفات کا تذکرہ کیا اور قرآن کریم کی متعدد آیات کی روشنی میں معاشرتی اصلاح، کردار سازی اور موبائل کے منفی استعمال سے بچنے کی تلقین کی۔ دسویں روز 24 اگست (10 ربیع الاول) کو مولانا سید عمار حسنی ندوی نے بعثت سے قبل عرب معاشرے کے حالات اور بعثتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہونے والی عظیم اصلاحی تبدیلیوں کو بیان کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انقلابی دعوت اور انسانی فلاح کے پیغام کو اجاگر کیا۔ 25 اگست (11 ربیع الاول) کو گیارہویں روز مولانا سلمان صدیقی ندوی نے اخلاقِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور وصالِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر تفصیلی خطاب فرمایا۔ حسنِ اخلاق کی اہمیت بیان کرتے ہوئے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اخلاق پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ جلسے کے آخری روز 26 اگست (12 ربیع الاول) کو مولانا جہانگیر عالم قاسمی نے اختتامی نشست میں پورے بارہ روزہ پروگرام کے اہم نکات کا جامع خلاصہ پیش کیا۔ سنت و جاہلیت کے فرق، پڑوسیوں کے حقوق، صلہ رحمی اور اسلامی معاشرت کے بنیادی اصولوں پر خصوصی گفتگو کی۔ اس موقع پر آل انڈیا مسلم انٹلکچول سوسائٹی کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر عمار انیس نگرامی نے علماء کرام، معاونین، منتظمین اور تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کے تعاون اور بھرپور شرکت کے بغیر یہ پروگرام اپنی کامیابی تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔ انہوں نے بالخصوص حافظ محمد آزاد اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا جن سے اس جلسے کا کامیاب انعقاد ممکن ہو سکا۔

# گلیمر کا بیوٹی مارکیٹ میں تیزی سے قدم مضبوط

## دیگنگنا سوریاونشی کے برانڈ نے 500 سے زائد اسٹورز تک بڑھائی رسائی، آن لائن اور آف لائن دونوں پلیٹ فارم پر توجہ



لکھنؤ۔ Glamour، جو کہ ہندوستانی کاسمیٹکس مارکیٹ میں ایک حالیہ داخل ہے، نے اپنے آغاز سے ہی اپنے ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ اداکارہ اور کاروباری شخصیت دیگنگنا سوریاونشی کے اشتراک سے قائم کردہ، بیوٹی برانڈ نے آن لائن دستیابی کے ساتھ ملک بھر میں 500 سے زیادہ بیوٹی اسٹورز، کاسمیٹک شاپس، اور بیوٹی شورومز تک اپنی موجودگی کو بڑھایا ہے۔ کسی بھی نئے صارف برانڈ کے لیے، پروڈکٹ کے آغاز کے ساتھ ساتھ آسان دستیابی بھی بہت ضروری ہے۔ گلیمر نے آن لائن اور آف لائن دونوں جگہ اپنی موجودگی قائم کر کے صارفین تک پہنچنے کی حکمت عملی اپنائی ہے۔ اس سے صارفین آن لائن مصنوعات خرید سکتے ہیں اور انہیں اپنی سہولت کے مطابق قریبی اسٹورز سے منتخب کر سکتے ہیں۔ گلیمر کو دیگنگنا سوریاونشی، عقیل احمد، پونم دودھیج، اور وجے لکشمی شرما نے مشترکہ طور پر قائم کیا ہے۔ چاروں شریک بانی برانڈ کی ترقی، تقسیم اور طویل مدتی توسیع پر فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔ Glamirc کی مصنوعات میں لپ اسٹک، آئی لائنر، کاجل، نیل پالش، اور سنڈور سمیت متعدد کاسمیٹکس شامل ہیں۔ یہ برانڈ جدید ہندوستانی خواتین کی ابھرتی ہوئی ترجیحات کو ذہن میں رکھتے ہوئے روزمرہ کے استعمال اور مختلف مواقع کے لیے اختیارات فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ دگنگنا خوبصورتی کی دنیا میں کوئی اجنبی نہیں ہے۔ اس کے اداکاری کے کیریئر کے دوران میک اپ، فیشن، کیمروں کے ساتھ کام کرنے اور مختلف شکلیں بنانے کے اس کے سالوں کا تجربہ اب اس کے کاروباری سفر میں جھلکتا ہے۔ اپنے اداکاری کے کیریئر کو جاری رکھتے ہوئے، وہ Glamirc کی تخلیق اور ترقی میں بھی فعال کردار ادا کر رہی ہیں۔

# بہو پر بیٹے کے دودھ میں زہر ملانے کا الزام، ہسپتال میں داخل

## ملزم بہو اور اس کے عاشق کے خلاف شکایت کر کے کارروائی کا مطالبہ کیا



بلندشہر 27 اگست (پریس ریلیز) کوتوالی نگر علاقہ میں رہنے والے ایک شخص نے اپنی بہو پر بیٹے کے دودھ میں زہر ملانے کا الزام لگایا ہے۔ اپنی شکایت میں متاثرہ نے بتایا کہ 12 سال قبل اس نے اپنے بیٹے کی شادی گوتم بدھ نگر ضلع کے ایک قصبے کی رہنے والی لڑکی سے کی تھی، اس کے تین بچے ہیں۔ متاثرہ شخص کا الزام ہے کہ اس کی بہو کا ایک نوجوان سے معاشقہ چل رہا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ پچھلے ایک سال سے اس کے بیٹے کو پریشان کر رہی ہے۔ تنگ آ کر بیٹے نے عدالت میں طلاق کا مقدمہ دائر کر دیا۔ اس نے بتایا کہ بہو کا عاشق دبنگ قسم کا ہے، مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہونے کے باوجود ان پر دباؤ بنا کر بہو کو ان کے گھر پر ہی رکھا ہوا ہے۔ منگل کی رات ان کے بیٹے کی اپنی بیوی سے کسی بات پر کہا سنی ہو گئی تھی۔ اس نے الزام لگایا کہ بہو نے اس کے بیٹے کے دودھ میں زہر ملا دیا۔ دودھ پینے کے بعد بیٹے کی طبیعت بگڑ گئی۔ اسے علاج کے لیے ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ جب وہ اسپتال پہنچا تو بہو غائب تھی۔ اس نے الزام لگایا کہ اس کی بہو ان کے بیٹے کو جان سے مارنا چاہتی ہے۔ اس کے علاوہ بہو کا عاشق بھی ان کے بیٹے کو قتل کرنے کے فراق میں ہے۔ متاثرہ نے ملزم بہو اور اس کے عاشق کے خلاف شکایت کر کے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ تھانہ انچارج نے بتایا کہ پولیس تفتیش کر رہی ہے اور تحقیقات کی بنیاد پر مزید کارروائی کی جائے گی۔

### بلندشہر میں ڈیزل کی 10 اور پٹرول کی 15 سال پرانی گاڑیوں پر کارروائی



بلندشہر 27 اگست (پریس ریلیز) جمعرات کو بلندشہر میں ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ نے پانچ ڈیزل گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی جو اپنی 10 سال کی عمر سے تجاوز کر گئی تھیں۔ ان گاڑیوں میں دو اسکول بسیں بھی شامل ہیں۔ مہم کے دوران ضبط کی گئی گاڑیوں کو وہیکل اسکریپنگ کی مجاز سہولیات کے ذریعے اسکریپ کرایا گیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے مطابق یہ تمام ڈیزل گاڑیاں 10 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد بھی سڑکوں پر چل رہی تھیں۔ چیکنگ کے دوران ان گاڑیوں کو ضبط کر لیا گیا اور بعد ازاں ضابطوں کے مطابق اسکریپنگ کے لیے مجاز اسکریپنگ سینٹر بھیج کر ختم کرا دیا گیا ہے۔ محکمہ نے کارروائی میں ملوث دو اسکول بسوں کے بارے میں خاص طور پر تشویش کا اظہار کیا۔ حکام کے مطابق ایسی گاڑیوں کو ان کی 10 سال کی عمر سے زیادہ چلانے سے بچوں کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ اے آر ٹی او نیتو شرما نے گاڑیوں کے مالکان کو خبردار کیا ہے کہ وہ فوری طور پر ایسی ڈیزل گاڑیوں کو چلانا بند کر دیں جو اپنی 10 سال کی عمر سے تجاوز کر چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر چیکنگ کے دوران زائد عمر کی گاڑیاں پائی گئیں تو ضابطے کے مطابق ضبط اور سکریپ کرنے کی کارروائی کی جائے گی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ نے بتایا کہ غیر مجاز گاڑیوں اور عمر کی مقررہ حد پوری کرنے والوں کے خلاف یہ مہم مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔

# پی ایم کسان سمان ندھی یوجنا میں کروڑوں کا گھوٹالہ، جانچ کر رہی ہے پولس

پرتاپ گڑھ: 27 اگست (پی این ایس) ضلع میں پی ایم کسان سمان ندھی یوجنا میں کروڑوں روپے کے گھوٹالہ کا پردہ فاش ہوا ہے۔ پولیس نے 4.45 لاکھ لوگوں کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے کارروائی شروع کی ہے۔ سال 2019-2020 کے دوران، جعلی دستاویزات کا استعمال کرتے ہوئے پی ایم کسان سمان ندھی یوجنا میں براہ راست داخلے کے ذریعے بڑی تعداد میں رجسٹریشن کیے گئے۔ محکمہ زراعت نے کسانوں سے کاغذات مانگنے شروع کیے تو فراڈ بے نقاب ہو گیا۔ دہلی میں ایگریکلچر ڈائریکٹوریٹ، سنٹرل ویجیلنس کمیشن اور محکمہ پولیس کی الگ الگ تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی کہ 4.45 لاکھ کسانوں نے دھوکہ دہی کی درخواستیں جمع کرائی ہیں، جن میں دیگر اضلاع کے کسان بھی شامل ہیں۔ حال ہی میں، صرف کنڈا تحصیل میں تقریباً 4,45,865 کسانوں نے رجسٹریشن کرایا ہے۔ جب تصدیق کی گئی تو پتہ چلا کہ ان کا نہ تو کوئی اکاؤنٹ ہے اور نہ ہی آدھار کارڈ۔ جب ان افراد کا سراغ لگایا گیا تو ان میں سے 380,000 کو حذف کر دیا گیا۔ باقی 66,000 رجسٹریشنز کو ڈیلیٹ نہیں کیا گیا ہے۔ ڈپٹی ایگریکلچر ڈائریکٹر اشونی سنگھ کے مطابق، پردھان منتری کسان سمان ندھی (PM-KISAN) کی تیسری قسط جولائی میں جاری کی گئی تھی۔ پرتاپ گڑھ میں کل 518,000 کسان ہیں، جن میں سے 300,000 کے پاس کسان کارڈ ہے، جب کہ 218,000 کے پاس نہیں ہے۔ اگر پی ایم کسان سمان ندھی مل رہی ہے تو کسانوں کی شناخت کیوں نہیں ہے؟ ان معاملات سے متعلق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی ہدایات پر مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور تحقیقات جاری ہے۔ پرتاپ گڑھ کے ایس پی دیپک بھوکر نے بتایا کہ ڈپٹی ایگریکلچر ڈائریکٹر نے پرتاپ گڑھ سائبر کرائم پولیس اسٹیشن کو اطلاع دی ہے کہ اہل نہ ہونے کے باوجود کچھ فائدہ اٹھانے والوں نے پی ایم-کسان اسکیم کے تحت فنڈز حاصل کیے ہیں۔ سائبر کرائم ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سائبر پولیس اسٹیشن میں لاگ ان کرنے کے لیے استعمال ہونے والی آئی ڈی کی چھان بین کی جا رہی ہے۔ معاملے کی تحقیقات کے لیے ٹیم تشکیل دی جائے گی۔ شواہد سامنے آنے پر کارروائی کی جائے گی۔

اودھ نامہ

# صبح نو بہار آنے کو ہے

اپنے یوگا پروگرام اور اپنی دیسی مصنوعات (طبی اور غیر طبی) کے دم پر عالمی شہرتیں اور اتھاہ دولت بٹورنے والے بابا رام دیو جنھیں موجودہ حکومت کا بہت قریبی سمجھا جاتا جاتا رہا ہے یا سمجھا جاتا ہے نیز یہ کہ انھیں وزیراعظم کے بہت قریبی وں میں شمار کیا جاتا رہا ہے۔انھوں نے حال ہی میں مودی حکومت کے تحت چلنے والے ہندوستان کے موجودہ حالات پر کڑی تنقید کی ہے۔رام دیو بابا نے اپنے حالیہ ریمارکس میں کہا کہ ملک بھر میں "ہنگامہ" (افراتفری) ہے،جس نے اسکولوں میں اساتذہ،بجلی، پانی، بیت الخلا اور نصابی کتب کی کمی کی طرف اشارہ کیا۔انہوں نے امتحانات میں دھوکہ دہی اور پیپر لیک ہونے اور سرکاری ملازمتوں کے انتخاب میں مبینہ طور پر بڑے پیمانے پر بدعنوانی پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔

باباجی کا یہ تبصرہ لال قلعہ سے وزیراعظم نریندر مودی کے یوم آزادی کے خطاب کے فوراً بعد آیا جس میں مودی نے اپنے ناقدین پر حملہ کیا، انہیں "دماغی نکسل" (ذہنی دہشت گرد) کہا، اپنی حکومت کی کامیابیوں پر روشنی ڈالی اور ہندوستان کے 2047 تک ایک خوشحال ملک بننے کی بات کہی۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ معاشی ترقی نے عام ہندوستانیوں کو کس حد تک فائدہ پہنچایا ہے، ہندوستان کی انسانی ترقی کے اشاریہ کی درجہ بندی اور دولت کی عدم مساوات پر تشویش کی طرف اشارہ کیا ہے۔ان کا استدلال ہے کہ حکومت جی ڈی پی کی نمو اور دیگر اقتصادی کامیابیوں کو نمایاں کرتی ہے،لیکن یہ سوال باقی رہتا ہے کہ اصل میں اس ترقی کے فوائد کون حاصل کر رہا ہے۔

حالیہ واقعات اور تبدیلیوں سے انداز ہوتا ہے کہ ہندوستان کا سیاسی ماحول بدل رہا ہے،نوجوانوں میں روزگار، بے روزگاری، بڑھتی ہوئی قیمتوں،تعلیم،صحت کی دیکھ بھال اور زندگی کے حالات پر تشویش بڑھ رہی ہے۔اس میں دہلی میں نوجوانوں کے حالیہ مظاہرے سب سے نمایاں ہیں، جہاں مظاہرین کو ذات پات اور مذہبی تقسیم سے اوپر اٹھ کر روزگار اور بہتر مواقع کا مطالبہ کرنے کے طور پر بیان کیا گیا تھا۔ بڑھتا ہوا عوامی عدم اطمینان مودی حکومت کو 12 سال اقتدار میں رہنے کے بعد پہلی بار کسی حد تک بیک فٹ پر کھیلنے پر مجبور کر دیا ہے۔ان کا یہ بھی استدلال ہے کہ ابھرتی ہوئی اپوزیشن صرف سیاسی جماعتوں کی طرف سے نہیں بلکہ عام شہریوں کی طرف سے بڑھ رہی ہے جو اپنی روزمرہ کی زندگی میں بہتری کا مطالبہ کر رہے ہیں۔اس پس منظر میں، رام دیو کی تنقید کو سیاسی جذبات کو بدلنے کے ممکنہ اشارے کے طور پر دیکھا جانا چاہئے،جس میں یہ تجویز کیا گیا ہے کہ سیاسی ماحول کے بدلتے ہی مودی حکومت کے سابق حامی اپنی پوزیشنیں بدل رہے ہیں۔

وزیراعظم کا دماغی نکسل والا بیان بھی عجیب وغریب ہے۔اور ایک بار اہل علم و دانش کو یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ واقعی مرکز میں جملہ تراشنے والے ماہرین زیادہ اور کام کرنے والے کم ہیں۔کیا عجیب نہیں لگتا کہ جمہوریت میں جب جب جس نے سوالات کئے اسے دیر سویر بھگتنا ہی پڑا ہے، اس کی صورت خواہ کچھ بھی رہی ہو۔میڈیا والوں پر بھی ایک قسم کا خوف چھایا ہوا جس کی وجہ سے میڈیا کا ایک بڑا طبقہ چاٹوکار ہو کر رہ گیا ہے۔معاشی ترقی کے دعوؤں کے باوجود 193 ممالک کے سروے میں ہندوستان 130 ویں نمبر پر ہے۔کہا جارہا ہے کہ مودی حکومت میں گھریلو مجموعی پیداوار بھی متاثر ہوئی ہے۔ہندوستان کی آبادی میں 80 فیصد ہندو ہیں اور بی جے پی اُن کی نمائندگی کا دعویٰ کرتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ انتخابات کے وقت ایسے ایسے بیانات دیئے جاتے ہیں جن پر قانونی کاروائی ہوسکتی ہے لیکن الیکشن کمیشن اپنی آنکھیں مونڈے بیٹھا رہتا ہے جب کہ اپوزین کے لیڈروں کو نوٹس پر نوٹس جاری کئے جاتے ہیں،جبکہ ہمارا آئین صاف کہتا ہے کہ انتخابات میں دھرم یا مذہب کو استعمال نہیں کیا جاسکتا ہے لیکن ایسا کیا جاتا ہے تاکہ ہندو خوش ہوں اور ان کا ووٹ ان کی طرف جائے اور ہندوستان چاہے جہاں چلا جائے۔یہ سلسلہ گذشتہ کئی برسوں سے جاری ہے۔ پر مرتبہ کوئی نہ کوئی مدعا اس کے ہاتھ لگ ہی جاتا ہے۔

لیکن دہلی میں طلبہ کے مظاہرے کے بعد سے جو فضا بنی ہے اور جسے بھانپتے ہوئے ہی مرکز نے وزیر تعلیم کا استعفیٰ لے لیا/ حیرت بھی ہوئی کہ اتنی جلدی کیسے ہار مان لی وگرنہ کوشش تو کی گئی تھی کہ مظاہرین کو غدار اور دیگر طرح طرح کے الزامات سے نواز کر ان کے خلاف ہوا بنائی جائے لیکن جلد ہی احساس ہوگیا کہ جتنی دیر کی جائے گی اتنا ہی نقصان ہونے کے امکانات ہیں سو ہتھیار ڈال دئے گئے،لیکن اس کے بعد بھی مظاہرین کو پریشان کئے جانے کا سلسلہ جاری ہے،جس کی جانچ کے لئے سپریم کورٹ نے ایک کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے اور دیکھئے جانچ کمیٹی کے پٹارے سے کیا برآمد کیا جاتا ہے،اور کس طرح یہ ثابت کیا جائے گا کہ احتجاج غلط تھا اور احتجاج کرنے والے غلط تھے،ان کے مطالبات غلط تھے، کیونکہ مرکز میں حکومت ایک ایسی پارٹی کی ہے جو کبھی غلط ہو ہی نہیں سکتی۔اور اس کے خلاف کبھی احتجاج نہیں کیا جاسکتا، لیکن یہ سب کل کی باتیں تھیں۔اور کل کی باتیں کریں گے کل والے،/کل کی باتیں کریں گے کل والے/ وجد!! تم آج ہی کی بات کرو۔۔اور آج کی بات یہ ہے کہ ملک کی سیاسی ہوا تبدیل ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ملک کے نوجوان فرقہ پرستی اور ذات پات سے ابھر کر روزگار کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ان پر لاٹھیاں برسائی گئیں آنسو گیس کے گولے چھوڑے گئے اور پیلیٹ گن کا استعمال کیا گیا۔ایسا لگتا ہے کہ اب مذہب کی افیون کا نشہ ان پر سے اتر گیا ہے اور اگر واقعی ایسا ہوا تو وہ ہوگا جو کسی نے کہا تھا کہ ہم دیکھیں گے۔

---

پروفیسر عتیق احمد فاروقی

# دماغی نکسلی کی گونج اور جمہوریت کی آزمائش

## مکالمہ، محروم طبقات کے حقوق اور جمہوری اعتماد کی بحالی ہی نکسلی مسئلے کا پائیدار حل



گزشتہ 15 اگست 2026 کو ملک کے یوم آزادی کے جلسے میں لال قلعے کی فصیل سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے ایک نیا فقرہ بولا، "دماغی نکسلی"۔انہوں نے اس کی وضاحت بھی کی۔ان کا کہنا تھا کہ'ملک نے جنگلوں میں ہتھیار اٹھانے والے نکسلیوں کے خلاف ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے،لیکن 'دماغی نکسلیوں' کی ذہنیت سے ملک کو آزاد کرنے اور انہیں پہچان کر الگ تھلگ کرنے کی ضرورت ہے۔'لال قلعے سے وزیراعظم کا قوم کے نام پیغام ملک ہی نہیں، بلکہ دنیا کا ایک بڑا حصہ بڑی توجہ اور سنجیدگی کے ساتھ سنتا ہے۔

1947 سے شروع ہوئی یہ روایت محض ایک فرض کی ادائیگی نہیں ہے۔دراصل یہ خطاب اقتدار کے کام کاج سے جڑے تینوں ادوار کا ایک ایماندار حساب کتاب ہوتا ہے۔اس میں ماضی کی حصولیابیاں، آنے والے دنوں میں شروع ہونے والے عوامی فلاح و بہبود کے کام اور مستقبل کے رنگین خواب،تینوں پہلو کھل کر سامنے آتے ہیں۔ایسے موقع پر "دماغی نکسلی" کا نیا فقرہ نہ صرف فکری مخالفین کے تئیں غیر رواداری کو ظاہر کرتا ہے، بلکہ ملک اور دنیا کے سامنے نظام کی اس ناکامی کو بھی ظاہر کرتا ہے کہ ہم 79 برس میں بھی اس ملک کے بنیادی مسائل، یعنی پانی، جنگل اور زمین، کو حل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ اس سے یہ پیغام بھی ملتا ہے کہ اقتدار پر قابض لوگ مخالفین کی اظہارِ رائے کی آزادی پر پابندی لگانے کا ارادہ رکھتے ہیں،جس کے چلتے نکسلی فکر دوبارہ پنپنے لگی ہے۔

اپنے جائز مطالبات کو حزبِ اقتدار سے منوانے کا جمہوری طریقہ یہی ہے کہ پُرامن احتجاجی مظاہرہ کیا جائے یا مذاکرات کے لیے دونوں فریق آمنے سامنے میز پر بیٹھیں،ایک دوسرے کی شکایتوں کو غور اور صبر کے ساتھ سنیں اور عملی حل نکالیں۔ ایسا نہ ہونے پر استحصال زدہ طبقے کے آخری راستے کے طور پر تشدد کی راہ اختیار کرنے کی دلیل دی جاتی ہے۔کیا آج ایسے حالات ہیں؟ ایسا تو نہیں لگتا۔ پھر اپنے آپ کو بیدار، ذمے دار اور خبردار ظاہر کرنے کے چکر میں تشدد کی بات کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اور کیا یہ بھی ایک عجیب بات نہیں کہ "دماغی نکسلیوں" کو ملک کے مین اسٹریم میں لانے کے بجائے انہیں پہچاننے اور الگ تھلگ کرنے کی بات کہی گئی ہے؟

نکسلی ازم کو سمجھنے کے لیے ہمیں تاریخ کے ان اوراق کو دوبارہ پلٹنا ہوگا جن میں لکھا ہے کہ یہ کیسے شروع ہوا تھا اور کیوں ختم ہوا؟۔گزشتہ صدی کی 60 اور 70 کی دہائیاں نوجوانوں کے کھڑے ہونے کا دور تھیں۔ ہندی پٹی اپنی زبان، ہندی، کے سوال پر سڑکوں پر آ جاتی ہے۔ دراصل زبان کی یہ تحریک میکالے کی اس تعلیمی پالیسی کی مخالفت بھی تھی، جو ہندوستان میں عوامی بہبود کے بجائے اقتدار کی گرفت مضبوط رکھنے کے لیے ذہنوں کی تشکیل کر رہی تھی۔ انگریزی محض ایک زبان نہ رہ کر حکم اور اقتدار کی زبان بن گئی تھی اور ملک کی دیگر زبانوں کے ساتھ نوکرانی کا سا سلوک کیا جارہا تھا۔

نعرہ لگ رہا تھا: "گاندھی،لوہیا کی ابھیلاشا– چلے دیش میں دیسی بھاشا۔" جنوبی ہندوستان ہندی زبان تھوپے جانے کے خلاف آواز بلند کرتا ہے۔ اگرچہ جنوب کی یہ مخالفت لاعلمی کے سبب ابھری تھی، شمالی ہندوستان کی زبان کی تحریک کا مقصد ملک کی کسی زبان کو دبا کر اس پر تھوپنے کا نہیں تھا، بلکہ اس کے پس پشت سہ لسانی فارمولے کا تصور سامنے رکھا گیا تھا۔

اسی دوران مغربی بنگال کے ضلع دارجلنگ کے اس شمالی حصے میں، جسے نکسلباری کہتے ہیں، زمین کی تقسیم کے سوال پر تشدد ہوتا ہے۔ یہ 1967 کا واقعہ ہے۔ یہ مسلح بغاوت محض غربت کے خلاف نہیں، عدمِ مساوات کے خلاف بھی تھی۔ مشکل سے چند زمینداروں کے پاس پوری زمین تھی، جس پر آبادی کا بڑا حصہ بٹائی دار یا بے زمین مزدور بننے پر مجبور تھا۔ اس عدمِ مساوات کے خلاف جب کسانوں اور مزدوروں نے حکومت سے شکایت کی تو ان کی آواز نہیں سنی گئی۔ کمیونسٹوں کو ایک موقع مل گیا کہ اس مسئلے کو گاندھی کے راستے کے بجائے مارکسی، پُرتشدد انقلاب کے ذریعے حل کرنے کی راہ اختیار کی جائے۔ چنانچہ انہوں نے اعلان کر دیا کہ اب ان کے پاس تشدد کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا۔

کل ڈیڑھ ہزار کے لگ بھگ لوگوں کی اس بستی نکسلباری سے دو اہم رہنما، چارو مجومدار اور کانو سانیال، نمایاں ہو کر سامنے آئے۔ کانو سانیال کی قیادت میں کسانوں کی مسلح تحریک نے زور پکڑا، جبکہ چارو مجومدار نے اسے نظریاتی بنیاد فراہم کی۔ کانو سانیال کی قیادت میں زمینداروں کے ساتھ ہونے والی جھڑپوں کے بعد پولیس نے کارروائی کی۔ 25 مئی 1967 کو نکسلباری کے علاقے میں پولیس فائرنگ کے نتیجے میں درجنوں خواتین و مرد مارے گئے۔ اس واقعے نے تحریک کو مزید بھڑکا دیا اور بنگال میں پہلی نکسلی تحریک نے زور پکڑ لیا۔ جس مسئلے کو حل کرنے میں صوبے کی اس وقت کی حکومت ناکام رہی، مرکزی حکومتوں نے بعد میں مسلسل اس کا حل تلاش کیا۔ نکسلی تشدد سے لڑنے اور مکالمے، دونوں راستے کھولنے کی کوشش کی گئی۔ دھیرے دھیرے نکسلیوں کی پُرتشدد تحریک قابو میں آئی، گو کہ اس تشدد سے دونوں فریقوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ نکسلباری کی ابتدائی مسلح بغاوت چند ماہ میں دبا دی گئی، لیکن اس کے نظریاتی اثرات ملک کے مختلف حصوں میں پھیلتے چلے گئے۔

آج جانے انجانے نوجوانوں کی تحریکوں اور ایک ساری نسل کو بدنام کرنے کی غرض سے انہیں "دماغی نکسلی" قرار دیا جا رہا ہے۔ مخالفین کا خیال ہے کہ موجودہ این ڈی اے حکومت کے دورِ اقتدار میں جتنی بھی عوامی تحریکیں ہوئیں، ان میں شروع ہی سے مکالمے کے خلاف رویہ اپنایا جاتا رہا ہے۔ بس ان کو ایک نام دے دیا گیا ہے۔ اتنا ہی نہیں، تحریک چلانے والوں کو پست کرنے کے لیے اذیت، جیل اور پولیس کی بے رحمی کا سہارا بھی لیا گیا ہے۔ اس میں کچھ مبالغہ بھی ہوسکتا ہے۔ تحریک چلانے والوں کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی، لیکن ساری زیادتیوں میں سیاسی قیادت کا براہِ راست کردار نہیں ہوتا۔ دراصل پولیس اور سلامتی کے اہلکار اپنے حاکموں کو خوش کرنے کے لیے بعض اوقات حد سے تجاوز بھی کرتے ہیں۔

ہاں، یہ سچ ہے کہ ہر حکومت مخالف شخص، دانشور یا حزبِ اختلاف کے لیڈر کو "دماغی نکسلی" نہیں کہنا چاہیے۔ جمہوریت میں حکومت کی تنقید شہریوں کا اختیار ہے۔ اس لیے "دماغی نکسلی" کے فقرے کا استعمال بھی سنجیدہ، مدلل اور واضح حوالے سے ہونا چاہیے۔ محض سیاسی عدمِ اتفاق کو نکسلی قرار دینا جمہوری نظام کو کمزور کرے گا۔

نکسلی ازم ایک حقیقت ہے اور اس کو روکنے کے لیے سلامتی اہلکاروں اور بے گناہ شہریوں کی شہادت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ دوسری طرف نکسلیوں کے جو جائز مطالبات ہیں، ان پر حکومت کو سنجیدگی سے دھیان دینا ہوگا اور ان کے ساتھ جو ناانصافیاں ہوئی ہیں، ان کی بھرپائی کرنا ہوگی۔ کسی شخص کو صرف اس لیے نکسلی نہیں کہا جاسکتا کہ وہ قبائلیوں اور محروموں کے حقوق کی آواز اٹھاتا ہے یا انسانی حقوق کی بات کرتا ہے۔ جمہوریت میں ان سبھی مدعوں پر کھل کر بحث ہونی چاہیے۔ لیکن اگر کوئی شخص جمہوری نظام کو پامال کرنے والی پُرتشدد نظامِ فکر کو فکری طور پر جائز ٹھہراتا ہے یا جمہوری اداروں کی جگہ پُرتشدد انقلاب کو حل بتاتا ہے تو معاشرے کو اس فکر پر سوال اٹھانے کا بھرپور اختیار ہے۔


نکسلیوں کے خلاف حتمی فتح محض جنگلوں میں سلامتی دستوں کی کارروائی سے نہیں ہوگی۔ یہ تب پوری ہوگی جب نکسلیوں سے متاثرہ علاقوں کا بچہ تعلیم پائے گا، نوجوان روزگار حاصل کرے گا، قبائلی وقار کے ساتھ آگے بڑھیں گے اور جمہوریت پر ان کا اعتماد مضبوط ہوگا۔ "دماغی نکسلی" کی بحث بھی اسی وسیع تر حوالے سے ہونی چاہیے۔

9161484863

---

قیصر محمود عراقی

# "ہمارا پیغام محبت اور امن کا پیغام ہے، اس لیے گولی کی بجائے بولی کا کلچر اپنائیں"



دنیا میں بہت سے مذاہب ہیں اور بہت سی قومیں آباد ہیں، لیکن آپس میں اتحاد و اتفاق اور محبت کی تعلیم سب سے زیادہ اسلام دیتا ہے۔ اسلام کی یہ خوبی ایک ایسی خوبی ہے کہ مسلمانوں کو اس پر فخر کرنا چاہیے اور اس کی تعلیمات کے مطابق اپنے اختلافات کو ختم کر کے، تفریق کو مٹا کر، ایک خدا کا بندہ بن کر میل جول اور محبت سے زندگی گزارنا چاہیے۔ کوئی امیر اپنے آپ کو دولت کی وجہ سے اونچا نہ سمجھے، کوئی مفلس غربت کی وجہ سے اپنے آپ کو کمزور اور ذلیل خیال نہ کرے بلکہ اپنے آپ کو ایک خدا کا بندہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی سمجھے اور دین کی پابندی کر کے خدا کے یہاں اپنا مقام بلند کرنے کی کوشش کرے۔ ایک دوسرے کی مدد کرے اور مصیبت میں کام آنے کا جذبہ اپنے اندر پیدا کرے۔

اسلام کی تاریخ کا ہر واقعہ اتحاد و اتفاق کی مثال پیش کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس اتحاد و اتفاق ہی کی برکت سے عرب کے گندے ماحول میں اسلام پھیلا اور مسلمانوں نے عزت حاصل کی، بڑی طاقتوں کا مقابلہ کیا اور ہمیشہ کامیاب ہوئے۔ اتحاد سے جو قوت حاصل ہوتی ہے اس کو اس مثال سے سمجھا جاسکتا ہے کہ جب بہت سے تنکوں کو ایک جگہ باندھ کر جھاڑو بنا دیا جاتا ہے تو وہ جھاڑو پورے مکان کو کوڑے وغیرہ سے صاف کر دیتا ہے، لیکن اگر ان تنکوں کو علیحدہ کر کے مکان صاف کرنے کی کوشش کی جائے تو مکان کبھی صاف نہیں ہو سکتا بلکہ ہر ایک تنکا ٹوٹ کر یا پھر ہوا میں اڑ کر ختم ہو جائے گا۔ بالکل اسی طرح مسلمان اتحاد و اتفاق کے ساتھ آپس میں ایک ہو کر بڑی قوت بن جاتے ہیں اور اپنے عظیم مکان یعنی اسلام کو دشمنوں سے بچا لیتے ہیں، لیکن اگر ان میں اختلاف پیدا ہو جائے اور وہ ایک دوسرے سے علیحدہ اور دور ہو جائیں تو خود ختم ہو جاتے ہیں اور دشمن کی نذر ہو جاتے ہیں۔

زمینی حقائق یہ بتلاتے ہیں کہ جب تک اسلامی دستور العمل عملاً نافذ رہا تب تک تو یہ دنیا امن کا گہوارہ تھی، اور جب خدا تعالیٰ کے آفاقی احکامات کے بجائے انسانوں کی تدبیر پر، اصول پر جہانبانی کی بنیاد رکھی گئی، تو بے معنی، لاقانونیت، فتنے، معاصی، خودسری، خودغرضی اور دیگر شیطانی محرکات نے جنم لیا۔ نتیجہ آج انسان اتحاد کے بجائے اختلافات و افتراق کی دوزخ میں جل رہا ہے۔ غور فرمائیں کہ جس دین کی یہ تعلیم ہو اور جس دین کے داعی کا اسوۂ حسنہ ایسا مبارک ہو، اس دین کے پیروکار آج کس خلفشار کا شکار ہیں؟ اس کا شیرازہ کس حد تک منتشر ہو چکا ہے؟ آج عرب و عجم کی تفریقات پھر پیدا ہو چکی ہیں۔ آج نسل و زبان کے فتنے کی آگ پوری طرح بھڑک چکی ہے۔ مسلمانوں کے ہاتھ مسلمان کے خون سے رنگین ہیں، مسلمان کی آبرو مسلمان کے ہاتھوں محفوظ نہیں ہے۔ مسلکی عصبیت جب سے عود آئی ہے، ایک اللہ، ایک رسول اور ایک کتاب پر ایمان لانے والی امت مسلکی خانوں میں بٹ چکی ہے اور اس قدر بٹ چکی ہے کہ آج مسلمان مسلمان کا دشمن بنا ہوا ہے اور ایک دوسرے کی جان و مال کا دشمن بن گیا ہے، خوفِ خدا ان کے دلوں سے ختم ہو چکا ہے۔

قارئینِ حضرات! جب تک مسلمانوں میں اخوتِ اسلامی کا عظیم جذبہ تھا، مسلمانوں میں الفت و محبت پائی جاتی تھی، ہر جگہ، ہر مقام پر مسلمانوں کی مثال دی جاتی تھی۔ لیکن جب مسلمان مسلکی جال میں پھنس کر اسلام اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے دور ہوتے گئے تو اپنے اپنے نفس کے غلام بنتے گئے اور برباد ہوتے گئے اور آج بھی ہو رہے ہیں۔ نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ اب تو مسلک کے نام پر بھائی بھائی کی جان کا دشمن ہو گیا ہے، ایک دوسرے کو دیکھنا گوارا نہیں۔ مسلکی منافرت قوم کے لیے ناسور بن چکی ہے اور یہ اس قدر آگ کی طرح پھیلتی جا رہی ہے کہ اب تک سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ مذہبی سطح پر مسلک کے نام پر فرقہ وارانہ قتل و غارت کے خاتمے کے لیے کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی جا رہی ہے بلکہ صرف مذمتی بیانات اور نمائشی اقدامات پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔ جبکہ اس معاملے میں علماء و مشائخ اور پوری مسلم قوم کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے تھا۔

مسلکی اختلافات کو بندوق اور بارود سے نہیں بلکہ دلائل اور استدلال کے ہتھیار سے حل کی جائے۔ تمام مسالک کے نظریات کا مقابلہ طاقت کی بجائے نظریات سے کرنے کی روش اختیار کی جائے۔ مسلمانوں کو اپنے رویوں میں برداشت، رواداری، امن پسندی اور نرمی پیدا کرنا ہوگی۔ اس لیے تمام مذہبی جماعتیں امن کے ایجنڈے پر متحد ہو جائیں اور تمام مکاتبِ فکر کے علماء و رہنما ایک پلیٹ فارم پر آئیں اور ضابطہ اخلاق طے کریں اور میثاقِ امن پر دستخط کریں۔ اگر اسی طرح عقائد کا اختلاف دلائل سے بڑھ کر تشدد کا رنگ اختیار کرتا رہا تو امت پارہ پارہ ہو جائے گی۔ لہٰذا ہمیں اپنے پُرتشدد رویوں اور انتہاپسندانہ سوچوں کو چھوڑنا ہوگا کیونکہ اس وقت ہمارا ملک بارود کا ڈھیر اور آتش فشاں بن چکا ہے۔ اس وقت ہمارے علماء و مشائخ نے اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو مستقبل میں پچھتانے کے سوا کچھ نہیں ہو سکے گا کیونکہ اسلام دشمن قوتیں ہمارے انتشار سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ ایسے میں یہ وقت آپس میں لڑنے کا نہیں بلکہ مشترکہ دشمن کے خلاف متحد ہونے کا ہے۔ آخر مسلک کے نام پر بے گناہ لوگوں کے گلے کاٹنا کون سا اسلام ہے اور کون سی شریعت ہے؟

علماء کو چاہیے کہ توڑنے نہیں جوڑنے کا کام کریں۔ علماء نے ہوش کے اگر ناخن نہ لیے تو کچھ بھی باقی نہیں بچے گا اور علماء کی مجرمانہ غفلت سے پوری قوم مسلم کسی بڑے سانحے سے دوچار ہو سکتی ہے۔ اس وقت ہر مسلمان کو کڑواہٹ نہیں، مسکراہٹ اور نفرتوں کی نہیں محبتوں کی ضرورت ہے۔ اس لیے ہر مسلک اور مکتبِ فکر کے علماء کو چاہیے کہ وہ نفرت کی ہر علامت، ہر شکل اور ہر کوشش کو مٹائیں اور اپنے اپنے منبر و محراب سے امن کا پیغام عام کریں۔

ہمارا پیغام محبت اور امن کا پیغام ہے اور اس کے اصول ہی ہمارا اسلحہ ہے۔ تمام مکاتبِ فکر گولی کی بجائے بولی کا کلچر اپنائیں۔ تمام مکاتبِ فکر کے لوگ زندہ رہیں اور زندہ رہنے دینے کی روش اختیار کریں کیونکہ اس وقت ہمیں اپنی قوم میں امن، محبت، رواداری، بھائی چارے اور بین المسالک ہم آہنگی کی فضا پیدا کرنا انتہائی ضروری ہے۔ کیونکہ اس وقت امت کا جو حال ہے اور جس طرح امت مسلک کے نام پر منتشر ہے، بالخصوص ہمارے علمائے کرام ایک دوسرے مسلک سے نالاں ہیں اور ان کی مسلکی انتہاپسندی کے بڑھتے رجحانات سے پوری قوم تشویش میں مبتلا ہے۔

موبائل:6291697668

---

مولانا قاری اسحاق گورا

# حجاب: ایک لفظ، کئی معنی



حجاب! بظاہر ایک مختصر سا لفظ، مگر اپنے اندر معانی کی ایک پوری دنیا سمیٹے ہوئے ہے۔ حجاب کہا جائے تو صرف ایک کپڑا ذہن میں نہیں آتا، بلکہ حیا، وقار، عزت، حرمت، حفاظت، شناخت اور اطاعت جیسے کئی مفاہیم ایک ساتھ سامنے آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حجاب کو محض لباس کا مسئلہ سمجھ لینا اس کے حقیقی مفہوم کو محدود کر دینا ہے۔

الہ آباد ہائی کورٹ کے حالیہ فیصلے کے بعد اسکول میں حجاب پہننے کا مسئلہ ایک مرتبہ پھر زیر بحث ہے۔ ایک مسلمان طالبہ نے اسکول یونیفارم کے ساتھ سر پر اسکارف پہننے کی اجازت طلب کی، تاہم عدالت نے اسکول کے مقررہ ڈریس کوڈ، یکسانیت، نظم و ضبط اور تعلیمی ماحول کو سامنے رکھتے ہوئے درخواست مسترد کر دی۔ عدالت کے فیصلے کے قانونی پہلو اپنی جگہ ہیں، لیکن اس موقع پر ایک بنیادی سوال بہرحال اہم ہے کہ اسلام میں عورت اور پردے کا تعلق کیا ہے؟ اس سوال کا جواب عدالت کے فیصلے سے نہیں بلکہ قرآن و سنت کی روشنی میں تلاش کیا جانا چاہیے۔

اسلام نے عورت کو محض ایک جسم یا ایک ظاہری وجود کی حیثیت سے نہیں دیکھا، بلکہ اسے ایک مکمل انسان، ایک باوقار شخصیت اور ایک ذمہ دار فرد کی حیثیت عطا کی۔ بیٹی کو رحمت، بہن کو عزت، بیوی کو سکون اور ماں کو ایسا مقام دیا جس کی مثال دنیا کے کسی دوسرے تصور میں آسانی سے نہیں ملتی۔

ایک ہی عورت، مگر رشتے بدلتے گئے اور اس کے احترام کے عنوان بدلتے گئے۔ بیٹی ہوئی تو رحمت، بہن ہوئی تو عزت، بیوی ہوئی تو سکون، ماں ہوئی تو جنت۔ یہی اسلام کا وہ زاویۂ نگاہ ہے جس میں عورت کی قدر صرف اس کے ظاہری حسن سے نہیں، بلکہ اس کی انسانیت، شخصیت، کردار اور رشتوں سے متعین ہوتی ہے۔ جب اسلام نے عورت کو اتنی عزت اور حرمت عطا کی تو اس کی عصمت و عفت، اس کے لباس اور اس کی زینت کے بارے میں بھی حدود مقرر کیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں حجاب کا تصور سامنے آتا ہے۔

دنیا کا ایک معروف اصول ہے کہ جس چیز کی قدر زیادہ ہو، اس کی حفاظت بھی زیادہ کی جاتی ہے۔ قیمتی چیز کو بے احتیاطی سے نہیں رکھا جاتا۔ موتی کو سیپ میں، سونے کو تجوری میں اور امانت کو حفاظت کے ساتھ رکھا جاتا ہے۔ یہ مثال عورت کو کسی شے یا سامان سے تشبیہ دینے کے لیے نہیں، بلکہ قدر اور حفاظت کے باہمی تعلق کو سمجھانے کے لیے ہے۔

عورت ایک باعزت انسان ہے، کوئی چیز نہیں؛ لیکن اسلام نے اس کی حرمت کی حفاظت کے لیے جو اصول دیے، ان میں پردہ بھی ایک اہم اصول ہے۔ اس لیے پردے کو صرف یہ کہہ کر نہیں سمجھا جاسکتا کہ یہ عورت کو چھپانے کا نام ہے۔ پردہ چھپانا نہیں، بچانا ہے۔ پردہ روکنا نہیں، حد بتانا ہے۔ پردہ کمزوری نہیں، وقار ہے۔ پردہ محرومی نہیں، حرمت ہے۔ حجاب کا یہ مفہوم اس وقت مزید واضح ہوتا ہے جب قرآن مجید کی ان آیات کو سامنے رکھا جائے جن میں مومن مردوں اور عورتوں دونوں کو حیا اور پاک دامنی کی تعلیم دی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پہلے مومن مردوں کو حکم دیا:

"مومن مردوں سے کہہ دیجیے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔"

(سورۃ النور:30)

اس کے بعد مومن عورتوں کو بھی نگاہیں نیچی رکھنے، پاک دامنی کی حفاظت کرنے اور اپنی زینت کے اظہار سے احتیاط کرنے کی ہدایت دی گئی۔

(سورۃ النور:31)

اس ترتیب میں بھی ایک سبق پوشیدہ ہے۔ اسلام نے عورت کے لباس کی بات کرنے سے پہلے مرد کی نگاہ کی بات کی۔ گویا اسلامی معاشرے میں حیا کی ذمہ داری یک طرفہ نہیں۔ عورت کے لیے حجاب ہے تو مرد کے لیے نگاہ کا حجاب ہے۔ عورت کے لیے لباس کی حدود ہیں تو مرد کے لیے نظر کی حدود ہیں۔ عورت سے پاکیزگی مطلوب ہے تو مرد سے بھی پاکیزگی مطلوب ہے۔ حجاب کا سب سے بڑا مفہوم شاید یہی ہے کہ اسے صرف لباس نہ سمجھا جائے۔ حجاب لباس بھی ہے اور حیا بھی۔ حجاب پردہ بھی ہے اور حد بھی۔ حجاب شناخت بھی ہے اور اطاعت بھی۔ حجاب جسم کی حفاظت بھی ہے اور کردار کی تربیت بھی۔

اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "حیا ایمان کا حصہ ہے۔"

حیا وہ کیفیت ہے جو انسان کو صرف لوگوں سے نہیں بلکہ اپنے رب سے بھی باخبر رکھتی ہے۔ حیا یہ ہے کہ انسان تنہائی میں بھی اپنی حدود نہ بھولے۔ حیا یہ ہے کہ نگاہ کے سامنے سب کچھ موجود ہو، مگر نگاہ اپنی جگہ رک جائے۔ حیا یہ ہے کہ زبان میں قدرت ہو، مگر الفاظ میں شائستگی باقی رہے۔ یہی حیا جب لباس میں ظاہر ہوتی ہے تو حجاب بن جاتی ہے، اور جب کردار میں اترتی ہے تو وقار بن جاتی ہے۔

حجاب کے بارے میں ایک عام اعتراض یہ بھی کیا جاتا ہے کہ پردہ عورت کو تعلیم اور ترقی سے دور کر دیتا ہے۔ اسلام کی تاریخ اس تصور کی تائید نہیں کرتی۔ اسلام نے عورت کو علم سے محروم نہیں کیا۔ مسلمان خواتین نے حدیث، فقہ، تعلیم اور مختلف علمی شعبوں میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اسلام نے عورت کی صلاحیت کو ختم نہیں کیا، بلکہ اسے حیا اور وقار کے ساتھ استعمال کرنے کی تعلیم دی۔ لہٰذا حجاب اور تعلیم کو ایک دوسرے کا مخالف بنانا درست نہیں۔

تعلیم بھی ہو اور حجاب بھی۔ ترقی بھی ہو اور حیا بھی۔ اعتماد بھی ہو اور وقار بھی۔ صلاحیت بھی ہو اور شریعت کی پاسداری بھی۔

ایک مسلمان عورت ڈاکٹر، استاد، وکیل، محقق یا کسی بھی جائز شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکتی ہے، اور ساتھ ہی اپنے دینی اصولوں کی پابندی بھی کر سکتی ہے۔

تعلیمی اداروں کے اپنے اصول اور ضابطے ہوتے ہیں۔ نظم و ضبط اور ادارے کی شناخت کے لیے یونیفارم کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن ایک متنوع معاشرے میں یہ سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا ادارہ جاتی نظم کے ساتھ مذہبی حساسیت کے لیے مناسب گنجائش پیدا نہیں کی جاسکتی؟ یکسانیت ضروری ہوسکتی ہے، لیکن یک رنگی ضروری نہیں۔ نظم ضروری ہے، مگر گنجائش بھی تہذیب کا حصہ ہے۔ قانون ضروری ہے، مگر احترام بھی معاشرے کی ضرورت ہے۔

اگر کوئی طالبہ اسکول کی بنیادی یونیفارم کی پابندی کرتے ہوئے اپنے مذہبی عقیدے کے مطابق سر ڈھانپنا چاہتی ہے تو ممکن ہو تو ایسا راستہ تلاش کیا جانا چاہیے جس میں ادارے کا نظم بھی برقرار رہے اور طالبہ کے مذہبی احساسات بھی غیر ضروری طور پر مجروح نہ ہوں۔ یہ معاملہ صرف ایک طالبہ کا نہیں، بلکہ ایک ایسے معاشرے کے مزاج کا بھی ہے جہاں مختلف مذاہب، تہذیبوں اور عقائد رکھنے والے لوگ ایک ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔

یہاں ایک بنیادی فرق کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ عدالت کسی معاملے کا فیصلہ ملک کے نافذ قوانین اور اپنے سامنے پیش کیے گئے شواہد کی بنیاد پر کرتی ہے۔ جبکہ ایک مسلمان اپنے دینی احکام کا بنیادی ماخذ قرآن و سنت کو سمجھتا ہے۔ اس لیے کسی عدالتی فیصلے سے اسلام میں حجاب کی دینی حیثیت ختم نہیں ہو جاتی– اسی طرح عدالت کے فیصلے سے اختلاف کا مطلب یہ بھی نہیں کہ مسلمان اشتعال، نفرت یا تصادم کا راستہ اختیار کریں۔ دینی موقف کو دلیل، علم، قانون، حکمت اور شائستگی کے ساتھ پیش کیا جانا چاہیے۔

حجاب کے اس پورے مباحثے میں شاید سب سے اہم سوال عدالت یا اسکول سے پہلے ہمارے اپنے گھروں سے ہونا چاہیے۔ ہم اپنی بیٹیوں کو حجاب کیوں سکھاتے ہیں؟ اگر صرف اس لیے کہ معاشرہ کیا کہے گا، تو ہم نے حجاب کی روح نہیں سمجھی۔ اگر اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے، تو یہ اطاعت ہے۔ اگر اس کے ساتھ یہ شعور بھی ہو کہ حجاب میری حیا، میرے وقار اور میری دینی شناخت کا حصہ ہے، تو یہ شعور ہے۔ اور اگر حجاب کے ساتھ زبان میں پاکیزگی، نگاہ میں حیا، معاملات میں دیانت اور کردار میں شرافت بھی پیدا ہو جائے تو یہی حجاب کی روح ہے۔ ہمیں اپنی بیٹیوں کو صرف پردہ نہیں سکھانا؛ پردے کا مقصد بھی سمجھانا ہے۔ صرف دوپٹہ نہیں دینا؛ دین کا شعور بھی دینا ہے۔ صرف لباس نہیں دینا؛ کردار بھی دینا ہے۔ اور بیٹوں کو صرف یہ نہیں کہنا کہ لڑکیاں پردہ کریں؛ انہیں یہ بھی سکھانا ہے کہ تم اپنی نگاہ کا پردہ کرو۔ کیونکہ جس معاشرے میں عورت سے حیا مانگی جائے اور مرد کو نگاہ کی آزادی دے دی جائے، وہاں حیا کا تصور ادھورا رہ جاتا ہے۔

حجاب کی حقیقت کپڑے سے شروع ہو سکتی ہے، مگر کپڑے پر ختم نہیں ہوتی۔ یہ نگاہ تک جاتی ہے۔ یہ گفتگو تک جاتی ہے۔ یہ کردار تک جاتی ہے۔ یہ نیت تک جاتی ہے۔ اور بالآخر یہ انسان کے دل تک پہنچتی ہے۔ اسی لیے حجاب کو صرف ایک ظاہری علامت سمجھنا بھی درست نہیں اور اسے صرف ایک ظاہری پابندی سمجھنا بھی۔ حجاب اس احساس کا نام ہے کہ میں آزاد ضرور ہوں، مگر بے حد نہیں؛ میں بااختیار ضرور ہوں، مگر بے جواب دہ نہیں؛ میں دنیا میں رہتی ہوں، مگر اپنے رب کی حدود سے باہر نہیں۔ عورت کے لیے حجاب دراصل اس بات کا اعلان بھی ہوسکتا ہے کہ میری شناخت صرف میری ظاہری شکل نہیں۔ میری پہچان میرا ایمان ہے۔ میرا کردار ہے۔ میری حیا ہے۔ میرا وقار ہے۔ میری شخصیت ہے۔ اور میرے رب کے ساتھ میرا تعلق ہے۔ آخر میں حجاب کو اگر ایک جملے میں سمجھنا ہو تو شاید یوں کہا جاسکتا ہے: حجاب عورت کو چھپانے کا نام نہیں، اس کی حرمت کو محفوظ رکھنے کا نام ہے۔

یہ جسم سے پہلے نگاہ کا پردہ ہے۔ لباس سے پہلے کردار کا پردہ ہے۔ اور دنیا سے پہلے دل کا پردہ ہے۔ عورت اسلام میں محض ایک منظر نہیں؛ ایک کردار ہے۔ محض ایک چہرہ نہیں؛ ایک شخصیت ہے۔ محض ایک فرد نہیں؛ آنے والی نسلوں کی معمار ہے۔ اسی لیے اس کی عزت، عفت اور حیا کی حفاظت کو اہمیت دی گئی۔ اور حجاب؟

ایک لفظ ہے، مگر اس کے معنی بہت ہیں؛ ایک لباس ہے، مگر اس کا پیغام بہت گہرا ہے؛ ایک پردہ ہے، مگر اس کے پیچھے حیا، وقار، عزت، حرمت، شناخت اور اطاعت کی پوری دنیا آباد ہے۔ شاید اسی لیے حجاب کو سمجھنے کے لیے صرف آنکھ سے دیکھنا کافی نہیں؛ دل اور شعور سے دیکھنا بھی ضروری ہے۔

Mb:9897399207

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

